ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((509

16.10.24

**بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، گذشتہ 15 روز میں سماج دشمن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیوں کا سلسلہ جاری ، منشیات فروشوں اوراسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 72 جبکہ مجرمان اشتہاریوں اور عدالتی مفروران سمیت 202 ملزمان گرفتار کئے گئے۔منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کوجیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جارہا ہے، بہاول پورکومنشیات سے ہرصورت پاک کیاجائے گا،ایس پی انوسٹی گیشن محمد خالد تبسم**

تفصیلات کے مطابق بہاول پور پولیس نے گذشتہ 15 روز کے دوران مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیوں میں کیٹگری A کے 42 کیٹگری B کے 157 اشتہاریوں سمیت 199 مجرمان اشتہاری جبکہ 03 عدد عدالتی مفروران گرفتار کر لیے۔اسی طرح ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 28 ملزمان کو گرفتار کر کے 25 عدد پسٹل 30 بور، 02 عدد ریپیٹر 12 بور اور 02 عدد بندوق 12 بور برآمد کیں۔اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے   ہوئے 44 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 19 کلو 670 گرام چرس، 255 گرام کرسٹل آئس، 08 کلوگرام بھنگ، 871 لیٹر شراب اور 03 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔ایس پی انوسٹی گیشن محمد خالد تبسم نے ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تا کہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔منشیات فروشی ایک لعنت ہے۔جس کو معاشرے سے ختم کر کے ہی دم لیں گے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیرکمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری،